تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 17, 2025

پریس ریلیز

اے آئی یو کے اڑتیسویں انٹر یونیورسٹی نارتھ ویسٹ زون یوتھ فیسٹول کوئز مقابلے میں جامعہ نے رنرزاپ پوزیشن حاصل کی

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے مسرت ہورہی ہے کہ ایسوسی ایشن آف انڈین یونیورسٹی کے منعقدہ اڑتیسویں اے آئی یو انٹر یونیورسٹی نارتھ ویسٹ زون یوتھ فیسٹول (یونی فیسٹ) میں جامعہ کی کوئز ٹیم نے رنرز اپ پوزیشن حاصل کی ہے۔ واضح رہے کہ ہریانہ کے حصار میں اوم اسٹرلنگ گلوبل یونیورسٹی میں یہ مقابلہ مورخہ آٹھ فروری سے بارہ فروری دو ہزار پچیس میں ہوا تھا جس میں نارتھ ویسٹ زون کی سرکردہ یونیورسٹیوں نے حصہ لیا تھا۔

بی۔اے پروگرام کے سال آخر کے طالب علم یاسر عبداللہ، بی۔اے۔سیاسیات کے سال اول کے طالب علم ابھگیان سندلیا اور ایم۔اے۔انٹرنیشنل اسٹڈیز کے سال آخر کے طالب علم محمد انس وی پی یونیورسٹی کوئز کلب کی ٹیم کی نمائندگی کررہے تھے۔کوئز ٹیم کو عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور ڈی ایس ڈبلیو پروفیسر نیلوفر افضل سے ملاقات کا موقع ملا تھا۔ملاقات کے دوران ان اہم شخصیات نے طلبہ کو مبارک باد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جامعہ کوئز ٹیم کے شان دار مظاہرے سے انھیں شمال مغربی زون کی دوسری سب سے بہترین ادبی ٹیم کا اعزاز حاصل ہوا۔اس کامیابی نے انھیں اس کا اہل بنایا ہے کہ وہ آنے والے نیشنل یوتھ فیسٹول جو اگلے مہینے نوئیڈا کی امیٹی یونیورسٹی میں ہونا ہے اس میں جامعہ اور نارتھ ویسٹ زون دونوں کی نمائندگی کریں۔

قابل ذکر ہے کہ یہ چھٹا موقع ہے جب جامعہ کی کوئز ٹیم نیشنل فائنلز میں پہنچی ہے جو ان کے پختہ عہد، امتیاز اور کوئز مینٹر پروفیسر محمد کمال النبی کی رہبری و سرپرستی کو آشکار کرتا ہے۔ٹیم کے ہمراہ ٹیم مینجر پشکر کمار دھنولیا بھی تھے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی